کوڈ نمبر: 05

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

MRD-XI-17(A)

# اُردو لازمی ۔ (سال اول)

(فریش / نیا کورس)

کل وقت: 3 گھنٹے　　　　کل نمبرات: 100

UR11A

**Example Roll No**

| 2 | 3 | 4 | 7 | 2 |
|---|---|---|---|---|

**Student Roll No**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|

## "سیکشن الف"

وقت: 20 منٹ　　　　کل نمبر: 20

**سوال: 1** ببل کو کالے یا نیلے مارکر سے پُر کرنا ہے۔ کاٹ کر، مٹا کر، دوبارہ لکھنے ہوئے یا ایک سے زائد ببل کو پُر کرنے پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

i. "آنگن" ایک کرداری ناول ہے جو ----------- کی تخلیق ہے۔
(A) بشیر احمد بلوچ　(B) مشتاق صدیقی　(C) خدیجہ مستور　(D) ابن انشاء

ii. سید محمد جعفری کی نظم کا نام ----------- ہے۔
(A) یہ سڑکیں　(B) پرانا کوٹ　(C) جلوہ سحر　(D) نعت

iii. سر سید احمد خان ----------- میں پیدا ہوئے۔
(A) ۱۸۱۷ء　(B) ۱۸۱۸ء　(C) ۱۸۱۹ء　(D) ۱۸۲۰ء

iv. ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے وقت سر سید ----------- میں تھے۔
(A) آگرہ　(B) علی گڑھ　(C) لاہور　(D) بجنور

v. نصاب میں شامل مرزا محمود سرحدی کے ----------- شامل ہیں۔
(A) قطعات　(B) نظم　(C) غزل　(D) قواعد

vi. "کرزن نامہ" ----------- کی کتاب ہے۔
(A) سر سید　(B) سید عبداللہ　(C) ذکاء اللہ　(D) رتن ناتھ سرشار

vii. ورد گورا ----------- نباشد
(A) عقل　(B) شعور　(C) حافظ　(D) دماغ

viii. تعلیم بالغاں میں استاد کا نام ----------- ہے۔
(A) محبت علی　(B) احسن علی　(C) بخشو　(D) شمشو

ix. ابن انشاء ایک مشہور ----------- تھے۔
(A) طنز نگار　(B) شاعر　(C) سفرنامہ نگار　(D) تینوں

x. "روم: زندہ شہر اور مردہ شہر" صنفی لحاظ سے ایک ----------- ہے۔
(A) سفرنامہ　(B) افسانہ　(C) مضمون　(D) کالم

xi. روم ----------- پہاڑوں پر بنا ہوا ہے۔
(A) پانچ　(B) چھ　(C) سات　(D) آٹھ

xii. نصاب میں شامل کہانی "لالچی وزیر" ایک ----------- کہانی ہے۔
(A) افسانہ　(B) علاقائی　(C) تاریخی　(D) لوک

xiii. ----------- نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا۔
(A) میرؔ　(B) مومنؔ　(C) غالبؔ　(D) ذوقؔ

xiv. علامہ اقبال کے والد کا نام ----------- تھا۔
(A) نور محمد　(B) سید محمد　(C) محمد نور　(D) محمد اقبال

xv. ماہر القادری کا اصل نام ----------- تھا۔
(A) ماہر حسین　(B) حسین قادری　(C) منظور قادری　(D) منظور حسین

xvi. یہ سب ----------- الٰہی ہیں ذرا غور سے دیکھ
(A) احکامات　(B) آیات　(C) انعامات　(D) تخلیقات

xvii. کلیات نعت محسن ----------- کا مجموعہ کلام ہے۔
(A) ماہر القادری　(B) محسن القادری　(C) محسن کاکوروی　(D) سب اور ج

xviii. میر تقی میرؔ ----------- میں پیدا ہوئے۔
(A) ۱۷۲۰ء　(B) ۱۷۲۱ء　(C) ۱۷۲۲ء　(D) ۱۷۳۰ء

xix. اشعار کا مجموعہ جن کے تمام اشعار کا ایک مطلب ہوتا ہے ----------- کہلاتا ہے۔
(A) نظم　(B) غزل　(C) حمد　(D) نعت

xx. وہ اسم جو کسی ہندسے کا اظہار کرے ----------- کہلاتا ہے۔
(A) اسم نکرہ　(B) اسم معرفہ　(C) اسم عدد　(D) اسم ہندسہ

eduvision.edu.pk

MRD-XI-17(A) P-304

# اُردو "لازمی" (سال اول)

## (فریش / نیا کورس)

نمبر:80

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن "ب"

نمبر:50

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل میں سے کوئی (دس) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ دیے گئے الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مطلب واضح ہو جائے: شب چاردہ، دن نکل گئے، خلل، دوبالا، پست و بلند

۲۔ سبق "اپنی مدد آپ" کا مرکزی خیال لکھیں۔

۳۔ مرکب مصادر کون سے ہوتے ہیں؟ چند مثالیں دیں۔

۴۔ حیدر علی اور سلطان ٹیپو انگریزوں کے خلاف جنگ میں کیوں ناکام ہوئے؟

۵۔ متعلق فعل کیا ہوتا ہے؟ فعل، فاعل اور مفعول کی مناسبت سے کیسے تبدیل ہوتا ہے؟

۶۔ ادب کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔

۷۔ دیے گئے الفاظ پر اعراب لگا کر درست تلفظ کے ساتھ لکھیں: تشکیل، معیار، امر، آخرت، توازن

۸۔ بزاز، داروغہ اور خوجی کے درمیان ہونے والے معاملے کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۹۔ خدیجہ مستور کی چند کتب کے نام لکھیں۔

۱۰۔ ڈرامے کی تعریف کریں اور آغا حشر کاشمیری کے چند دیگر ڈراموں کے نام لکھیں۔

۱۱۔ لوک کہانی پر کون سے عناصر اور عوامل اثر انداز ہوتے ہیں؟

۱۲۔ نظم "شہر آشوب" میں کن کن پیشوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ ان کی وضاحت کریں۔

۱۳۔ پرستش کی یاں تک کہ اے بت تجھے (شعر مکمل کریں۔)

نمبر:30

## سیکشن "ج"

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر ایک کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر3: متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) بڑے کمرے سے گزرتے ہوئے اس نے دیکھا کہ تجمہ پھوپھی اپنے صاف ستھرے بستر پر لیٹی کوئی موٹی سی کتاب پڑھ رہی ہے۔ گرمیوں میں چھت پر تجمہ پھوپھی کا ڈیرہ جمتا تھا، اس لیے وہ اپنے کمرے کے پاس والی چھوٹی چھت پر گزارا کر لیتی۔ جلوس قریب آ گیا تھا۔ بچے بڑے زور زور سے نعرے لگا رہے تھے: "مسلم لیگ زندہ باد، قائداعظم زندہ باد، بن کے رہے گا پاکستان، دھنیا راج نہیں ہوگا، چٹیا راج نہیں ہوگا"۔ عالیہ چھت کی منڈیر سے جھک کر گلی میں جھانکنے لگی۔ دو بڑے لڑکے مشعلیں اٹھائے سب سے آگے تھے۔

(ب) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد اپنا غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔ چناں چہ اکبر کے آخری دور میں اسلام کی سربلندی کے لیے حضرت مجدد الف ثانی کھڑے ہوئے۔ آپ نے جہانگیر کے زمانے میں محض دین کی خاطر قید و بند کی سختیاں جھیلیں اور اسلامی قدروں کو نئے سرے سے فروغ دیا۔

سوال نمبر4: نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

الف۔ فکر و دانش کی ہے معراج خدا کا اقرار
یہی وجدان کی آواز ہے، فطرت کی پکار
ذرے ذرے کی شہادت کہ خدا ہے موجود
پتے پتے کو ہے صانع کی صفت کا اقرار

ب۔ کس طور آنسوؤں میں نہاتے ہیں غم کشاں
اس آبِ گرم میں تو نہ انگلی ڈبوئیے
اب جان جسمِ خاک سے تنگ آ گئی بہت
کب تک اس ایک ٹوکری مٹی کو ڈھوئیے

سوال نمبر5: اس سال اپنے کالج میں ۱۴ اگست کے موقع پر ہونے والی رنگارنگ تقریب کی روداد قلمبند کریں۔

سوال نمبر6: ایک پھٹے پرانے نوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

eduvision.edu.pk